یو بی ایل ایڈریس کے،لیے عمومی سوالات

مارک اپ ریٹ کا کیا مطلب ہے؟

مارک اپ کا تعلق ریٹ 1سالKIBOR کے ساتھ ہے۔ تاہم، KIBORکی شرح کا تعین ہر ماہ کیا جاتا ہے، لہذا، مجموعی مارک اپ ریٹ میں تبدیلی ہو تی رہتی ہے۔

پراپرٹی کی کم سے کم ویلیو کتنی ہونی چاہیے؟

10لاکھ روپے۔

کیا کمرشل پراپرٹی کے لیے لون لیا جا سکتا ہے؟

نہیں۔ لون صرف رہائشی پراپرٹی کے لیے ہے۔

لون کی درخواست پراسیس میں کتنا وقت لگتا ہے؟

لون کی درخواست جمع کرانے کے دن سے لے کر لون کی رقم آپ کے حوالے کرنے میں 25دن تک لگ سکتے ہیں۔ تاہم، اس کے لیے بھی یہ شرط ہے کہ آپ نے تمام مطلوبہ دستاویزات فراہم کر دئیے ہوں۔

فری انشورنس ڈیل کیا ہے؟

اس وقت ہوم لون پراڈکٹس کے لیے پراپرٹی انشورنس کرانا لازمی ہے۔ دیگر بینک کسٹمرز سے انشورنس فی علیحدہ سے وصول کرتے ہیں جبکہ یو بی ایل ایڈریس میں یہ سہولت آپ کو بالکل فری دی جاتی ہے۔

میںxyz علاقے میں رہتا/رہتی ہوں، کیا مجھے لون مل سکتا ہے؟

لون کی سہولت کے لیے اہلیت کا معیار جاننے کے لیے ہمارے سیلز پرسن سے رابطہ کریں۔

لون واپس کرنے کے کون سے طریقے ہیں؟

یوبی ایل کے لیے ڈائریکٹ ڈیبٹ موڈ *لازمی ہے؛ تاہم، مندرجہ ذیل طریقوں سے بھی لون کی قسط ادا کی جا سکتی ہے:

۔ ڈراپ باکس کی سہولت

۔ فون بینکنگ

۔ انٹرنیٹ بینکنگ

۔ کیش

*اگر کسٹمر یو بی ایل کا اکاؤنٹ ہولڈر ہو۔

لون کی مدت کیا ہو گی؟

لون کی مدت کے لیے آپ 3سے 20سال تک کا انتخاب کر سکتے ہیں۔

25سال کی فنانسنگ صرف مکان کی خریداری کے لیے ہے۔

کیا موجودہ ہوم لون "یو بی ایل ایڈریس" میں منتقل کیا جا سکتا ہے؟

ہماری "بیلنس ٹرانسفر فسیلٹی" کے ذریعے آپ کسی بھی بینک کا موجودہ ہوم لون یو بی ایل ایڈریس میں منتقل کر سکتے ہیں۔ اس سے آپ کم مارک اپ کے ساتھ زیادہ آسانی اور فری پراپرٹی انشورنس سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔

میرے گھرانے کی آمدن 60,000روپے جبکہ میری انفرادی آمدنی 90,000 ~~20,000~~روپے ہے۔ کیا مجھے لون مل سکتا ہے؟

جی، آپ مشترکہ انکم کے ذریعے لون کی درخواست دے سکتے ہیں، بشرطیکہ لون کے لیے کم از کم آمدنی کی شرط پوری ہو رہی ہے (شریک حیات کی عمر کی حد اور پیشے کی شرائط لاگو ہوں گی)۔

لون کے مارک اپ کے علاوہ مجھے کوئی اور ادائیگی بھی کرنی ہو گی؟

مارک اپ کے علاوہ آپ کو درخواست کی پراسیسنگ، جان پڑتا اور انکم کے تخمینے کی فیس ادا کرنی ہو گی جو کہ معمولی ہوتی ہے اور قابل واپسی نہیں۔

فری پراپرٹی انشورنس کیا ہے؟

اس وقت ہوم لون پراڈکٹس کے لیے پراپرٹی انشورنس کرانا لازمی ہے۔ دیگر بینک کسٹمرز سے انشورنس فی علیحدہ سے وصول کرتے ہیں جبکہ یو بی ایل ایڈریس میں یہ سہولت آپ کو بالکل فری دی جاتی ہے۔

جزوی ادائیگی کا کیا مطلب ہے؟

جزوی ادائیگی کا مطلب کسٹمر کی ماہانہ قسط کے علاوہ کی جانے والی ادائیگی ہے۔ اگر کسٹمر اپنی ماہانہ قسط کے علاوہ بھی بینک کو لون کی ادائیگی کرنا چاہے تو سا ل میں ایک مرتبہ ایسا کیا جا سکتا ہے۔

جزوی قبل از وقت ادائیگی برائے سابقہ ایکوزیشن

- اگر کوئی کسٹمر اپنی 6ماہانہ اقساط سے زیادہ جزوی رقم ادا کرنا چاہے تو بینک اس پر اصل رقم کا 5%بطور جرمانہ عائد کرے گا۔

- اگر کوئی کسٹمر اپنی 6ماہانہ اقساط سے زیادہ جزوی رقم ادا کرنا چاہے تو بینک اس پر اصل رقم کا 5%بطور جرمانہ عائد کرے گا۔

- اگر کوئی کسٹمر 12کے دوران کسی بھی مالیت کی جزوی ادائیگی کرنا چاہے تو بینک اس پر اصل رقم کا 5%بطور جرمانہ عائد کرے گا۔

نئی ایکوزیشن کے لیے

زیادہ سے زیادہ 6اقساط، 50,000روپے یا واجب الادا رقم کے 15%سے زیادہ ادائیگی پر جرمانہ عائد ہو گا۔

- 1سال کے لیے 5%

کیا میری مارک اپ پیمنٹ پر انکم ٹیکس کی چھوٹ ملتی ہے؟

جی ہاں، آپ ایک سال میں ادا کردہ مارک اپ پر انکم ٹیکس کی چھوٹ حاصل کر سکتے ہیں۔

اکاؤنٹ اسٹیٹمنٹ کب جاری کی جاتی ہے؟

اکاؤنٹ اسٹیٹمنٹ ہر چھ ماہ بعد جاری کی جاتی ہے جس میں اصل رقم کی واپسی، واجب الادا بیلنس، یو بی ایل کے مارک اپ اور جرمانے (اگر کوئی ہوئے) کی تفصیل درج ہوتی ہے۔

کیا اوورسیز غیر مقیم پاکستانی ہوم لون لے سکتے ہیں؟

NICOPرکھنے والے پاکستانی شہری اپنے غیر ملکی مستقل رہائشی اسٹیٹس کے ساتھ لون کی درخواست دے سکتے ہیں۔

کیا خریداری سے پہلے پراپرٹی کے کاغذات کی جانچ پڑتا ل کی جا سکتی ہے؟

جی ہاں۔ پراپرٹی کاغذات کی جانچ پڑتال کے لیے بینک کے وکیل کی طرف سے کلیئر لیگل اوپینن کے ساتھ ساتھ لون کے اجراء سے پہلے اور بعد میں بھی قانونی رہنمائی فراہم کی جاتی ہے جس کے لیے معمولی فیس چارج کی جاتی ہے۔ یہ فیس درخواست دہندہ کو ادا کرنی ہوتی ہے۔ تفصیل کے لیے ”شیڈول آف چارجز“ دیکھیں۔